نماز جمعہ کی شرائط

نماز جمعہ کی شرائط

مسئلہ۷۶۶۔ نماز جمعہ کی شرائط مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ جماعت کے ساتھ ہو۔

۲۔ کم از کم پانچ افراد ہوں (ایک امام اور چار ماموم)

۳۔ نماز جماعت کی تمام شرائط کی رعایت کرنا مثلاً صفوں کا متصل ہونا۔

۴۔ دو نماز جمعہ کے درمیان کم از کم ایک فرسخ[۱] فاصلہ ہو۔

مسئلہ۷۶۷۔ جس مسافر کی نماز قصر ہو وہ نماز جمعہ میں شرکت کرسکتا ہے اور نماز ظہر کے بجائے نماز جمعہ پڑھ سکتا ہے۔

مسئلہ۷۶۸۔ دو نماز جمعہ کے درمیان فاصلے کا میزان نماز جمعہ ہونے والی جگہ ہے، وہ شہر نہیں کہ جس میں نماز جمعہ برپا ہوتی ہے۔

مسئلہ۷۶۹۔ اگر ایک فرسخ سے کم کے فاصلے میں دو نماز جمعہ ہوجائیں تو جو نماز پہلے شروع ہوئی ہے وہ صحیح اور دوسری باطل ہے اور اگر دونوں ایک ساتھ شروع ہوئی ہوں تو دونوں باطل ہیں۔

[۱] ۔ ایک فرسخ تقریباً ۵۱۲۵ میٹر (۵/۱۲۵ کلو میٹر) ہوتا ہے۔